Roll No. ☐☐☐☐☐☐ (اُمیدوار خُود پُر کرے)

وقت : 2:40 گھنٹے

HSSC (11th) 2nd Annual 2022

اُردو (لازمی)

نمبر : 80

انشائی

پرچہ : I

حصّہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 10=1+1+4+4

تُو مقصدِ تخلیق ہے، تُو حاصلِ ایماں — جو تجھ سے گریزاں، وہ خُدا سے ہے گریزاں

کردار کا یہ حال، صداقت ہی صداقت — اخلاق کا یہ رنگ کے قرآں ہی قرآں

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجئے، شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 10=1+3+3+3

خاطر سے یا لحاظ سے، مَیں مان تو گیا — جھُوٹی قسم سے، آپ کا ایمان تو گیا

دل لے کے مُفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں — اُلٹی شکایتیں ہوئیں احسان تو گیا

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا پر ہزار شکر — مُجھ کو وہ میرے نام سے، پہچان تو گیا

حصّہ سوئم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ 15=1+1+10+3

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کیلئے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) دعوتی کارڈ پا کر وہ پھولے نہ سمائے تھے لیکن یہاں آکر ان کی جس قدر تذلیل ہوئی اس کو دیکھ کر اپنا اطمینان کا جھونپڑا جنت سے کم نہ تھا۔ انہوں نے اپنے آپ کو طعن کی۔ "تمہارے جیسے عزت کے ہوس مندوں کی یہی سزا ہے۔ اب تو آنکھیں کھلیں کہ تم کتنی عزت کے مستحق ہو۔ تم خود اس غرض مند دنیا میں کسی کے کام نہیں آسکتے۔۔۔ تم لکھنے کیلئے بنے ہو۔ لکھتے جاؤ۔ اس دنیا میں تمہارا اور کوئی مصرف نہیں۔"

4. کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ 10=1+9

(الف) ابوالقاسم زہراوی (ب) اوورکوٹ

5. میر انیس کی نظم "میدان کربلا میں صبح کا منظر" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

6. دو دوستوں کے درمیان سگریٹ نوشی کے نقصانات کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

یا

دیہات میں کسی شادی کی تقریب کی روداد تحریر کیجئے۔

7. پوسٹ ماسٹر کے نام اپنے علاقے میں ڈاک کی ناقص تقسیم کے بارے میں درخواست تحریر کیجئے۔ 10

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ 10=2+8

بڑی گرمی پڑ رہی تھی۔ دور دراز کے سفر سے واپس آرہا تھا۔ علی گڑھ اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر اُترا ہی تھا کہ ایک عزیز نے کہا! ڈاکٹر اقبال کا انتقال ہو گیا ہے۔ تھوڑی دیر کیلئے کچھ ایسا معلوم ہوا جیسے پلیٹ فارم کی ہر چیز تو موجود ہے، لیکن اِس کی نہ تو کوئی آواز ہے اور نہ اِس میں کوئی حرکت۔ یہ بات صرف ایک اُن کیلئے تھی۔ گردشِ ایام ایک اُن کیلئے رُک سی گئی، لیکن فوراً ہی پھر رواں ہو گئی۔ زندگی اپنے تمام ہنگاموں کے ساتھ رواں دواں نظر آنے لگی۔ مکان پر واپس آیا۔ نہ نہانا اچھا معلوم ہوا، نہ کھانے کو جی ہوا، جیسے نفس اپنے مطالبات چھوڑ بیٹھا تھا۔ تھوڑی دیر کے لیے کمرہ بند کر کے لیٹ رہا۔

CANCELLED